ان ممالک اور علاقوں کا سفر جو نارویجن وزارت خارجہ کی سفری ہدایات کے تحت آتے ہیں

نارویجن وزارت خارجہ تب سفری مشورے مرتّب کرتی ہے جب ہماری رائے میں ناروے کے شہریوں کو کسی ملک یا علاقے کا سفر نہیں کرنا چاہیے۔ یہ سیکیورٹی صورتحال پر مجموعی غور کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ کرونا وائرس کی وبا کے دوران یہ ترغیب کہ ایسا بیرون ناروے سفر نہ کیا جائے جو نہایت ضروری نہیں، انفیکشن سے بچاؤ کا ایک اقدام بھی رہی ہے۔ آپ جس ملک کو جانا چاہتے ہیں، اس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے یہاں کلک کریں اور دیکھیں کہ کیا یہ ملک سفری ہدایات کے تحت آتا ہے۔

وزارت خارجہ کی سفری ہدایات کو قانون کا درجہ حاصل نہیں ہے۔ کسی شخص کو کسی ایسے ملک کا سفر کرنے پر سزا نہیں دی جا سکتی جو سفری ہدایات کے تحت آتا ہے۔ تاہم آپ کو ذہن میں رکھنا چاہیے کہ اگر آپ سفر کرنے کا انتخاب کریں گے تو اس کے نتائج ہو سکتے ہیں۔

اکثر انشورنس کمپنیاں اب بالعموم ان مسافروں کو سفری انشورنس نہیں دے رہی ہیں جو سفری ہدایات کے تحت آنے والے کسی ملک کو جا رہے ہوں۔ انشورنس کمپنیاں خود طے کرتی ہیں کہ کسے انشورنس ملے گی۔ اگر آپ سفری انشورنس کے بغیر ناروے سے باہر چلے گئے تو آپکو معلوم ہونا چاہیے کہ بدترین صورتحال میں آپ کو بہت بھاری اخراجات خود پورے کرنے پڑ سکتے ہیں مثال کے طور پر اگر آپ کو ہسپتال میں داخل ہونا پڑے تو۔ عالمگیر وبا کی وجہ سے بہت سے ملکوں میں ہسپتالوں میں گنجائش بہت کم ہے۔ سفر کا انتخاب کرنے والے سب لوگوں کو اپنی انشورنس کمپنی سے رابطہ کر کے معلوم کرنا چاہیے کہ آیا ان کی مؤثر انشورنس ہے یا نہیں۔

اگر آپ ہماری سفری ہدایات کے تحت آنے والے کسی ملک کا سفر کریں تو ہمارے لیے آپ کی مدد کرنا مشکل ہو سکتا ہے، جنگ، سیکیورٹی کی صورتحال، سفری پابندیاں یا دوسرے حالات ہمارے لیے اپنا کام کرنا زیادہ مشکل بنا سکتے ہیں۔ لہذا اگر آپ کا پاسپورٹ کھو جائے تو ہمارے لیے آپ کو نیا پاسپورٹ دلوانا مشکل ہو سکتا ہے یا آپ کے بیمار ہونے یا جیل جانے کی صورت میں آپکی مدد کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔

یہ غور صرف آپ ہی کر سکتے ہیں کہ کیا ایک سفر نہایت ضروری ہے۔ وزارت خارجہ آپ کے لیے یہ غور نہیں کر سکتی۔ اگر آپ سفر کرنے کا انتخاب کریں تو ہمیشہ کچھ چیزوں کا خیال رکھیں:

- انشورنس کمپنیوں سے بات کریں اور جو زیادہ سے زیادہ اچھی سفری انشورنس مل سکتی ہو، وہ لیں
- reiseregistrering.no پر اپنا سفر رجسٹر کریں
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس سفر اور قیام کے لیے کافی پیسے ہیں
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا پاسپورٹ کافی عرصے کے لیے مؤثر ہے۔ کئی ممالک تقاضا کرتے ہیں کہ پاسپورٹ بہت لمبے عرصے کے لیے مؤثر ہو۔

اگر آپ کا کوئی سوال ہو تو آپکو وزارت خارجہ کے آپریٹیو سنٹر سے 247@mfa.no یا 00 00 95 23 پر رابطہ کرنے کی دعوت ہے۔